12
آئی پی ایل میں دہلی کیپٹلز کو رشبھ پنت کی کمی محسوس ہوگی: گانگولی

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ

روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA RANCHI/PATNA

ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
Edition:
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru

Tuesday 28 March 2023 سال:14 شمارہ نمبر:5630 5 رمضان المبارک 1444 منگل 《یعنی مکمل سچ》 •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار Vol:14 Issue :5630 RANCHI/PATNA(DAAK) Pages:12 ₹ 4/-

پی ایم مودی ملک میں جمہوریت کو تباہ کرنے پر آمادہ

اپوزیشن کے سیاہ مظاہرے میں ٹی ایم سی سمیت 17 جماعتوں کی شرکت، ہنگامہ کے سبب ایوان کی کارروائی ملتوی

نئی دہلی (ایجنسی)

راہل گاندھی کی رکنیت رد کئے جانے اور اڈانی معاملے پر سوموار کو اپوزیشن نے سیاہ احتجاج کیا۔ اس میں 17 اپوزیشن جماعتوں نے حصہ لیا۔ سونیا گاندھی بھی کالے کپڑے پہن کر پارلیمنٹ پہنچیں۔ دوسری طرف اپوزیشن ارکان پارلیمنٹ نے لوک سبھا میں زبردست ہنگامہ کیا۔ یہاں تک کہ ایک رکن پارلیمنٹ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کی نشست پر پہنچ گیا اور سیاہ کپڑا لہرانے لگا۔ یہ دیکھ کر اسپیکر نے ایوان کی کارروائی ملتوی کردی۔ دراصل دونوں ایوانوں کی کارروائی 11 بجے ہی شروع ہوگئی۔ اپوزیشن نے نعرے بازی شروع کردی۔ اس کی وجہ سے راجیہ سبھا کی کارروائی دوپہر دو بجے تک اور لوک سبھا کی کارروائی چار بجے تک ملتوی کردی گئی۔ راجیہ سبھا کی کارروائی دوپہر 2 بجے شروع ہوئی، لیکن ہنگامہ آرائی کی وجہ سے اسے دن بھر کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔ کانگریس صدر ملکارجن کھرگے نے ٹویٹ کیا۔ جمہوریت کے لیے "سیاہ باب"! پہلی بار حکمران جماعت پارلیمنٹ کو تعطل کا شکار کررہی ہے۔ کیوں؟ کیونکہ مودی جی کے بہترین دوست کے سیاہ کارنامے بے نقاب ہورہے ہیں! متحدہ اپوزیشن جے پی سی کے مطالبے پر قائم رہے گی۔ کھرگے نے کہا کہ ہم کالے کپڑوں میں کیوں آئے ہیں؟ ہم یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ پی ایم مودی اس ملک میں جمہوریت کو تباہ کررہے ہیں۔

کانگریس اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکان پارلیمنٹ نے پیر کو پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں بابائے قوم مہاتما گاندھی کے مجسمے کے سامنے دھرنا اور مظاہرہ کیا اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ۔ ای ڈی اور دیگر ایجنسیوں کے غلط استعمال کرنے کا حکومت پر الزام لگایا۔ دونوں ایوانوں کی کارروائی ملتوی ہونے کے بعد اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں جمع ہوئے اور ہاتھوں میں بینرز اور کارڈ لے کر گاندھی جی کے مجسمے کے سامنے دھرنے پر بیٹھ گئے۔ بعدازاں ان رہنماؤں نے مظاہرہ اور مارچ بھی کیا۔ احتجاج کرنے والے اراکین پارلیمنٹ نے ایک مارچ بھی نکالا جس میں 'ستیہ میو جیتے' کا نعرہ لکھا تھا اور ایک بڑا بینر لے کر آگے بڑھ رہے تھے۔ اس کے ساتھ ہی کئی ارکان پارلیمنٹ ہاتھوں میں تختیاں لے کر مارچ میں شامل ہوئے۔ اس سے قبل پارلیمنٹ کی کارروائی شروع ہونے سے قبل اپوزیشن جماعتوں کے ارکان پارلیمنٹ نے راجیہ سبھا میں اپوزیشن لیڈر ملکارجن کھڑگے کے ساتھ میٹنگ کی جس میں کانگریس کے علاوہ ڈی ایم کے، سماج وادی پارٹی، جنتا دل یو، مارکسی کمیونسٹ پارٹی، راشٹریہ جنتا دل، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا آر ایس پی، عام آدمی پارٹی، نیشنل کانفرنس، شیو سینا سمیت دیگر جماعتوں کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ کانگریس صدر ملکارجن کھرگے نے آج پارلیمنٹ کی کارروائی شروع ہونے سے قبل اپنے چیمبر میں اپوزیشن جماعتوں کے قائدین کی میٹنگ کی۔ اس میں کانگریس، ڈی ایم کے، ایس پی، جے ڈی یو، بی آر ایس، سی پی ایم، آر جے ڈی، این سی پی، سی پی آئی، آپ اور ٹی ایم سی سمیت 17 پارٹیوں نے حصہ لیا۔ اس میٹنگ میں ترنمول کانگریس کی موجودگی حیران کن تھی۔ اس اجلاس میں ٹی ایم سی اب تک کسی بھی احتجاج میں کانگریس کے ساتھ نہیں آئی ہے۔ ٹی ایم سی قائدین کی آمد پر کھرگے نے کہا کہ جو بھی جمہوریت کی حفاظت کے لئے آگے آئے گا ہم اس کا خیر مقدم کریں گے۔

دوسری طرف راجیہ سبھا میں بھی اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی اور نعرے بازی کی وجہ سے ایوان کی کارروائی دن بھر کے لئے ملتوی کردی گئی۔ اس دوران خصوصی بل 2023 اور جموں وکشمیر سے متعلق بل 2023 صوتی ووٹ کے ذریعے لوک سبھا کو واپس لوٹا دیا گیا۔ راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکڑ نے لنچ کے وقفے کے بعد جب ایوان کی کارروائی شروع کی تو کانگریس اور عام آدمی پارٹی (آپ) کے اراکین نعرے لگاتے ہوئے اسپیکر کی نشست کے سامنے آ گئے۔ دریں اثنا، وزیر مملکت برائے خزانہ پنکج چودھری نے جموں وکشمیر (نمبر 2-بل 2023 اور جموں کشمیر بل 2023 پیش کیا۔ ایوان نے انہیں نعرے بازی کے درمیان صوتی ووٹ کے ساتھ لوک سبھا میں واپس لوٹا دیا۔ اس کے بعد وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے خصوصی (نمبر 2-بل 2023 اور اسپیشل بل 2023 کو ایوان میں پیش کیا۔ اپوزیشن کے نعروں کے درمیان ایوان نے بھی انہیں صوتی ووٹ کے ذریعے واپس کر دیا۔ اس دوران ترنمول کانگریس کے ڈیرک اوبرائن نے کچھ بات کہی مگر شور وہنگامے کی سنائی نہیں دیا۔ اس دوران محترمہ سیتارمن اور مسٹر برائن کے درمیان زبانی تکرار بھی ہوئی جو کہ ہنگامہ آرائی میں سنائی نہیں دے سکا۔ اس کے بعد کانگریس اور عام آدمی پارٹی کے اراکین کے نعرے لگانے کے جواب میں حکمراں پارٹی کے اراکین نے بھی نعرے بازی شروع کردی۔ اس کے بعد مسٹر دھنکڑ نے کہا کہ اراکین کا یہ سلوک ٹھیک نہیں ہے۔ بحث کے دوران انہیں اپنے مسائل اٹھانے اور بولنے کا موقع ملتا ہے لیکن وہ اس سے محروم رہتے ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے ایوان کی کارروائی دن بھر کے لیے ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔

حکومت کو تمام پیسہ اڈانی گروپ میں لگانے کی وجہ بتانی چاہئے: راہل

نئی دہلی (یو این آئی)

کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے کہا ہے کہ حکومت عوام کا پیسہ اڈانی گروپ کی کمپنیوں میں کیوں لگا رہی ہے، اس کا ملک کو جواب چاہئے لیکن حکومت خاموش ہے۔ مسٹر گاندھی نے الزام لگایا کہ اڈانی گروپ کی کمپنیوں میں جو رقم غلط طریقے سے لگائی گئی ہے اس کے بارے میں سوالات پوچھے جارہے ہیں لیکن اس کی نہ جانچ کی جارہی ہے اور نہ ہی اس سلسلے میں کوئی جواب نہیں دیا جارہا ہے۔ انہوں نے ٹویٹ کیا ایل آئی سی کی پونجی اڈانی کو۔ ایس بی آئی کا پونجی اڈانی کو۔ ای پی ایف او کا سرمایہ بھی اڈانی کو۔ موڈانی کے انکشاف کے بعد بھی عوام کی ریٹائرمنٹ کی رقم اڈانی کی کمپنیوں میں کیوں لگائی جارہی ہے؟ وزیراعظم جی، نہ کوئی تحقیقات، نہ جواب۔ اتنا خوف کیوں؟ دریں اثنا کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی سوال کیا کہ چند سالوں میں اڈانی کی دولت 12 لاکھ کروڑ روپے تک کیسے پہنچ گئی اور جب کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے اس بارے میں سوال کیا تو ان کی آواز کو دبانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

وارد تھیکیتھلا کی موت پر پی ایم کا اظہار تعزیت

نئی دہلی/کوچی (یو این آئی) وزیراعظم نریندر مودی نے معروف ملیالم فلم اداکار اور سابق ممبر پارلیمنٹ معصوم وارد تھیکیتھلا کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ مسٹر مودی نے ٹویٹ کیا "مشہور اداکار اور سابق ایم پی معصوم وارد تھیکیتھلا کے انتقال سے انتہائی غمزدہ ہوں۔ انہیں ناظرین کو مسحور کرنے اور لوگوں کی زندگیوں کو طنز و مزاح سے لطف اندوز کرنے کے لیے یاد رکھا جائے گا۔ ان کے اہل خانہ اور مداحوں سے تعزیت۔ اس کی روح کو سکون ملے۔" خیال رہے کہ 75 سالہ اداکار گلے کے کینسر میں مبتلا تھے اور کچھ دن پہلے ان کی حالت خراب ہونے کے بعد انہیں ایک پرائیویٹ اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا جہاں اتوار کی رات تقریباً 10:45 بجے ان کا انتقال ہوگیا۔ ان کے پسماندگان میں بیوی ایلس اور ایک بیٹا سونیت ہیں۔ کیرالہ کے گورنر عارف محمد خان، وزیر اعلیٰ پنارائی وجین، قائد حزب اختلاف وی ڈی ساتھیسن، کانگریس کے سینئر لیڈر رمیش چینیتھلا، ہندوستانی کمیونسٹ پارٹی (سی پی آئی) کے ریاستی سکریٹری ایم وی گووندن، فلمی ستاروں موہن لال اور مموٹی نے بھی اداکار کی موت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اداکار تھیکیتھلا نے پانچ سو سے زائد فلموں میں کام کیا ہے۔ انہیں ملیالم سنیما کے بہترین مزاح نگاروں میں شمار کیا جاتا ہے۔ معصوم نے کئی ایوارڈز جیتے ہیں جن میں تین کیرالہ اسٹیٹ فلم ایوارڈ بھی شامل ہیں۔ اداکار 1979 میں ارنجالکوڈا میونسپلٹی کے میونسپل کونسلر کے طور پر منتخب ہوئے تھے۔ تھیکیتھلا نے 2014 کے لوک سبھا انتخابات میں چلاکڈی حلقہ سے ایک آزاد امیدوار کے طور پر جیتا تھا جس کی حمایت بائیں بازو کے جمہوری محاذ (ایل ڈی ایف) نے کی تھی۔ تھیکیتھلا ایسوسی ایشن آف ملیالم موی آرٹسٹس (اے ایم ایم اے) کی ایسوسی ایشن کے صدر کے عہدہ پر بھی فائز تھے۔ انہوں نے کچھ تمل اور ہندی فلموں میں بھی اداکاری کی ہے۔ ان کی للیتا پونا متائیدونا تھراو، مائی ڈیئر مٹھاچن، گاڈ فادر اور مانچر تھازو جیسی فلمیں بہت کامیاب رہیں۔ آنجہانی اداکار نے پانچ کتابیں ناجن انوسنٹ، کینسر وارڈیل چیری، ارنجالکوڈ کو چم (یادداشت)، ماجھا کناڈی (مختصر کہانیوں کا مجموعہ) اور چریکوپنیل (خودنوشت) شائع کیں۔

عتیق احمد کو پریاگ راج لے جا رہی پولیس کا قافلہ جھانسی پہنچا

جھانسی (یو این آئی) مافیا ڈان عتیق احمد کو گجرات کی سابرمتی جیل سے پریاگ راج لے جانے والا پولیس کا قافلہ پیر کی صبح جھانسی پہنچا اور پھر یہاں پولیس لائن میں ٹھہرا۔ اس کے پیش نظر پولیس نے ضلع میں سیکورٹی کے پختہ انتظامات کئے ہیں۔ پہلے جھانسی میں قافلے کے رکنے کی کوئی اطلاع نہیں تھی، لیکن جیسے ہی صبح رکسا ٹول پلازہ سے جھانسی ضلع میں داخل ہوا، مقامی پولیس کی گاڑیاں بھی پوری مستعدی کے ساتھ قافلے کے ساتھ چلی گئیں۔ رکسا ٹول پلازہ تک پہنچنے سے پہلے ہی وہاں سے گزرنے والی دیگر ٹریفک کو مکمل طور پر روک دیا گیا تھا تاکہ یہ قافلہ پلازہ سے آسانی سے گزر سکے۔ اس کے بعد عتیق کو زبردست حفاظتی انتظامات کے درمیان پولیس لائن لایا گیا۔ اس دوران پولیس لائن کو چھاؤنی میں تبدیل کر دیا گیا اور کسی کو بھی اس طرف آنے یا پولیس لائن میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی گئی حتیٰ کہ میڈیا کو بھی دور رکھا گیا۔ اس سے پہلے قافلے کو جھانسی میں کیوں روکا گیا اس بارے میں سرکاری طور پر کوئی اطلاع نہیں دی گئی ہے لیکن عتیق کے جھانسی میں ہونے کی اطلاع میڈیا کے ساتھ ساتھ لوگوں کے لیے بھی تجسس کا باعث بنی ہوئی ہے۔

دہلوی
امیونٹی کا رکھے خیال۔
آئروویٹا
خون کی کمی اور انیمیا کی علامات
آئرن ٹانک سے کہیں بہتر
FARAK PADTA HAI
Also Available on: amazon | HEALTHNUG
DEHLVI Ambar Herbals Pvt. Ltd.
HELP LINE NO. 9336525129
E-mail : dehlviambar@yahoo.com

دہلی شراب معاملہ، کویتا کی عرضی پر سپریم کورٹ نے سماعت 3 ہفتوں کیلئے ملتوی

حیدرآباد (یواین آئی) سپریم کورٹ نے انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی جانب سے دہلی شراب معاملہ میں بی آر ایس لیڈر کے کویتا کی جانب سے داخل کردہ عرضی کی سماعت تین ہفتوں کے لئے ملتوی کردی۔ کویتا نے ای ڈی کے سمن کے خلاف یہ درخواست داخل کی تھی۔ کویتا، دہلی شراب پالیسی معاملہ سے متعلق منی لانڈرنگ کے سلسلہ میں ای ڈی کی جانب سے طلبی پر تین مرتبہ مرکزی ایجنسی کے سامنے حاضر ہوئی ہیں۔ جسٹس اجئے رستوگی اور جسٹس بیلا ایم تری ویدی پر مشتمل بنچ نے ان کی عرضی کی سماعت کی۔ سینئر وکیل کپل سبل اور وکرم چودھری نے کویتا کی طرف سے بحث کی۔ کپل سبل نے سوال کیا کہ جب کویتا ملزم نہیں ہیں تو انہیں پوچھ تاچھ کے لیے کیسے بلایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے درخواست کی کہ کویتا کو جاری کردہ ای ڈی سمن کو منسوخ کیا جائے اور گھر پر ان سے پوچھ تاچھ کی جائے۔ کویتا نے اپنی درخواست میں کہا کہ ان کو ای ڈی کی جانب سے طلب کرنے کے لئے پی ایم ایل اے ایکٹ کی دفعہ 50 کے تحت جو نوٹسیں جاری کی گئی ہیں وہ ضابطہ فوجداری کی دفعہ 160 سے ٹکراتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے وکیل کی موجودگی میں ان کے بیان کی ویڈیو ریکارڈنگ کرنی چاہئے۔ سالیسٹر جنرل تشار مہتا اور ایڈیشنل سالیسیٹر جنرل ایس وی راجو نے ای ڈی کی طرف سے رجوع ہوتے ہوئے کہا کہ یہ معاملہ عام نوعیت کا نہیں ہے۔

اقتدار میں آتے ہی مسلمانوں کیلئے ریزرویشن کریں گے بحال

شیوکمار نے اقلیتوں کے 4 فیصد ریزرویشن کو ختم کرنے کے کرناٹک سرکار کے فیصلہ کو غیر آئینی قرار دیا

بنگلورو (ایجنسیاں)

کرناٹک کانگریس نے وعدہ کیا ہے کہ اگر وہ اقتدار میں آئے تو مسلمانوں کے لیے ریزرویشن بحال کرے گی۔ بی جے پی حکومت نے او بی سی 2)بی) کی درجہ بندی کے تحت مسلمانوں کے لیے 4 فیصد ریزرویشن ختم کرنے کے بعد یہ یقین دہانی کرائی ہے۔ ریاستی کانگریس کے صدر ڈی کے شیوکمار نے یہاں نامہ نگاروں سے کہا، "حکومت سوچتی ہے کہ ریزرویشن کو جائیداد کی طرح تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ یہ جائیداد نہیں ہے۔ یہ (اقلیتوں کا) حق ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ ان کا چار فیصد ختم کر کے کسی بڑی کمیونٹی کو دیا جائے۔ وہ (اقلیتی برادری کے افراد) ہمارے بھائی اور خاندان کے افراد ہیں۔ ہم یہ سب ختم کریں گے اور مسلمانوں کو او بی سی کی فہرست سے نکالنے کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ کانگریس کے سینئر لیڈر سدارامیا نے الزام لگایا کہ بی جے پی حکومت نے ذات پات اور مذہب کے درمیان تقسیم پیدا کرنے اور انتخابی فائدہ حاصل کرنے کے لیے ریزرویشن میٹرکس میں تبدیلی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے غیر قانونی ریزرویشن کا اعلان کیا ہے۔ مسٹر سدارامیا نے کہا کہ نیا ریزرویشن بھی غیر جمہوری ہے، جسے عدالت میں رد کیا جائے گا۔ جے ڈی ایس لیجسلیچر پارٹی کے لیڈر ایچ ڈی کمارسوامی نے کہا کہ بی جے پی حکومت مذاہب کے درمیان دراڑ پیدا کرنے کے اپنے خفیہ ایجنڈے کو نافذ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا، "ریزرویشن کے نام پر حکومت دو مذاہب کے درمیان دراڑ پیدا کرنے کے اپنے خفیہ ایجنڈے کو نافذ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ ایک سے لینا اور دوسرے کو دینا کیسا ہے؟ ریاست میں بی جے پی کا وقت ختم ہوگیا ہے۔ دراصل کرناٹک میں ایچ ڈی دیوے گوڑا کی حکومت تھی جس نے مسلمانوں کو 4 فیصد ریزرویشن دیا۔ "اب، بی جے پی حکومت نے اسے چھین لیا ہے،" کمارسوامی نے الزام لگایا۔ اس دوران حکومت کے خلاف ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کرناٹک وقف بورڈ نے اسے بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مغربی بنگال کے دوروزہ دورے پر

کولکتہ (یو این آئی)

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی بار پیر سے مغربی بنگال کے دو روزہ دورے پر یہاں آرہی ہیں۔ صدر جمہوریہ آج نیتا جی سبھاش چندر بوس کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے کولکتہ میں نیتا جی بھون جائیں گی۔ وہ شام کو یہاں نیتا جی انڈور اسٹیڈیم میں ان کے اعزاز میں منعقدہ ایک شہری استقبالیہ میں بھی شرکت کریں گی۔ بعد میں وہ رابندر ناتھ ٹیگور کو ان کے گھر جوراسانکو ٹھاکر باڑی میں خراج عقیدت پیش کریں گی۔ محترمہ مرمو راج بھون میں قبائلی گروپوں کے ساتھ بات چیت بھی کریں گی۔ وہ وشو بھارتی کے سالانہ کانووکیشن کی تقریب میں شرکت کے لیے منگل کو شانتی نکیتن جائیں گی۔

چارہ گھوٹالے میں لالو پرساد کو سپریم کورٹ کا نوٹس

4 ہفتوں کے اندر جواب داخل کرنے کی ہدایت، سی بی آئی نے ضمانت رد کرنے کا مطالبہ کیا

پٹنہ (ایجنسی) چارہ گھوٹالہ معاملے میں آر جے ڈی سپریمو لالو پرساد یادو کی مشکلات ایک بار پھر بڑھ سکتی ہیں۔ اس معاملے میں سی بی آئی نے سپریم کورٹ میں لالو یادو کی ضمانت کی عرضی کو منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ سپریم کورٹ میں پیر کو سماعت ہوئی۔ عدالت نے لالو یادو کو جواب داخل کرنے کا حکم دیا ہے۔ کیس کی اگلی سماعت اب چار ہفتے بعد ہوگی۔ سی آر پی سی کی دفعہ 427 کا حوالہ دیتے ہوئے سی بی آئی نے سپریم کورٹ میں لالو کی ضمانت منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ سی بی آئی نے جھارکھنڈ ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کرتے ہوئے سپریم کورٹ میں ایس ایل پی دائر کی ہے، جس میں لالو یادو کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا ہے۔ ڈمکا اور چائباسا خزانے کے معاملے میں جھارکھنڈ ہائی کورٹ نے لالو کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا تھا۔ سی بی آئی نے اس کی مخالفت کی ہے۔ سی بی آئی کے مطابق لالو پرساد کو 5 مقدمات میں الگ الگ سزا سنائی گئی ہے، لیکن سی بی آئی عدالت نے تمام سزاؤں کو ایک ساتھ چلانے کا حکم نہیں دیا ہے۔ اس وجہ سے تمام سزائیں ایک ساتھ نہیں چل سکتیں۔ دفعہ 427 کی شق کے مطابق اگر کسی شخص کو ایک سے زیادہ مقدمات میں سزا سنائی جاتی ہے اور عدالت تمام سزاؤں کو ایک ساتھ چلانے کا حکم نہیں دیتی ہے تو وہ شخص اس کی دوسری سزا سزا کی مدت پوری ہونے کے بعد ہی شروع ہوگی۔ لالو پرساد کو گھوٹالے کے 5 مقدمات میں مجرم قرار دے کر سزا سنائی جا چکی ہے۔ کسی بھی حکم میں تمام جملوں کو ایک ساتھ چلانے کا ذکر نہیں ہے۔ اس وجہ سے یہ دفعہ لالو پرساد پر لاگو ہوتی ہے۔ جب تک وہ ایک سزا کی پوری مدت حراست میں نہ گزاریں، دوسری سزا پر عمل درآمد نہیں ہوسکتا۔ اس بنیاد پر لالو پرساد کا یہ استدلال درست نہیں ہے کہ انہوں نے آدھی سزا کاٹ لی ہے اور انہیں دی گئی ضمانت کو منسوخ کر دینا چاہیے۔ سی بی آئی ذرائع کے مطابق لالو پرساد کی جانب سے عدالت سے تمام سزائیں ایک ساتھ سنانے کی کوئی درخواست نہیں ہے۔ خواست نہیں دی گئی۔ ایسی صورت حال میں اسے سی آر پی سی کی دفعہ 427 کے تحت ضمانت کا فائدہ نہیں دیا جا سکتا۔

سپریم کورٹ میں محمد فیضل کی رکنیت کی بحالی پر منگل کو سماعت ہوگی

نئی دہلی (یو این آئی)

سپریم کورٹ محمد فیضل پی پی کی لکشدیپ پارلیمانی حلقہ کی رکنیت بحال کرنے میں لوک سبھا سکریٹریٹ کی طرف سے مبینہ تاخیر کے خلاف ان کی درخواست پر منگل یعنی 28 مارچ کو سماعت کرے گا۔ درخواست گزار محمد فیضل کو 11 جنوری 2023 کو اقدام قتل کے مقدمے میں جرم ثابت ہونے پر 10 سال قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ اس کے بعد 13 جنوری کو ان کی رکنیت منسوخ کر دی گئی تھی۔ تاہم، 25 جنوری کو ان کی سزا پر روک لگا دی گئی تھی۔ سینئر ایڈووکیٹ اے کے ایم سنگھوی نے عرضی گزار کی طرف سے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی سربراہی والی بنچ کے سامنے پیش ہو کر اس معاملے پر جلد سماعت کی درخواست کی۔ ان کے 'خصوصی پٹیشن کا نوٹس لیتے ہوئے بنچ نے 28 مارچ کو اس کی سماعت کی تاریخ طے کی۔ رکنیت کی بحالی کے تناظر میں مسٹر سنگھوی نے بنچ کے سامنے کہا کہ سات خطوط لکھ چکے ہیں، لیکنا س سلسلے میں اب تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کیرالہ ہائی کورٹ کی طرف سے ان کی سزا پر روک لگانے کے خلاف لکشدیپ کی یونین ٹیریٹری ایڈمنسٹریشن کی طرف سے دائر مقدمہ منگل کو جسٹس کے ایم جوزف کی سربراہی والی بنچ کے سامنے سماعت کے لیے آسکتا ہے۔ درخواست گزار کی ان گذارشات کو سننے کے بعد، عدالت عظمیٰ نے منگل کو فوری رٹ درخواست کی سماعت کی اجازت دے دی۔ بنچ ابتدائی طور پر اس معاملے کو 5 اپریل کو سماعت کے لیے درج کرنا چاہتی تھی۔ پٹیشنر نیشنلسٹ کانگریس لیڈر کے نے ایڈوکیٹ کے آر سشی پربھو کے ذریعہ دائر اپنی درخواست میں یہ عرض کیا ہے کہ لوک سبھا سکریٹریٹ 13 جنوری 2023 کے نوٹیفکیشن کو واپس لینے میں ناکام رہا ہے، جس سے انہیں رکن پارلیمنٹ کے طور پر نااہل قرار دیا گیا ہے۔

نکہت کے بعد لولینا کا گولڈن پنچ ☐ ہندوستان کی جھولی میں 4 گولڈ میڈل

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

ہندوستان کی ہونہار باکسر نکہت زرین نے اتوار کو خواتین کی عالمی باکسنگ چمپئن شپ میں ویتنام کی تھی ٹام نگوین کو 0-5 سے شکست دے کر مسلسل دوسری بار عالمی چمپئن بن گئی۔ نکہت جنہوں نے پچھلی بار 52 کلوگرام زمرے میں عالمی چمپئن شپ جیتی تھی، دوبار کے ایشیائی چمپئن نگوین کو شکست دے کر 50 کلوگرام زمرے میں طلائی تمغہ جیتا۔ نکہت نے پہلا راؤنڈ 0-5 سے جیتا لیکن ویتنامی باکسر نے اچھی واپسی کرتے ہوئے دوسرا راؤنڈ 2-3 سے جیت لیا۔ نکہت نے فیصلہ کن راؤنڈ میں گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا۔ نکہت دوسری ہندوستانی باکسر ہیں، جنہوں نے عالمی چمپئن شپ میں دو بار گولڈ میڈل جیتا ہے۔ نکہت زرین کے بعد لولینا نے بھی ورلڈ چمپئن شپ میں گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا ہے۔ اولمپک کانسہ کا تمغہ جیتنے والی لولینا بورگوہین نے دو بار کامن ویلتھ گیمز میں میڈل جیتنے والی آسٹریلیا کی کیٹلن پارکر کے خلاف کامیابی حاصل کی۔ لولینا نے اتوار کو 75 کلوگرام زمرے میں طلائی تمغہ جیتا۔ واضح رہے کہ ہندوستان ٹورنامنٹ میں اب تک 4 گولڈ میڈل جیت چکا ہے۔ نکہت اور لولینا سے پہلے میری کوم (2002، 2005، 2006، 2008، 2010 اور 2018) 6 بار یہ کارنامہ انجام دے چکی ہیں۔

(تفصیلی خبر کھیل کھلاڑی صفحہ 12 پر)

پنجاب کانگریس کمیٹی کے سابق رکن سکھبیر کوکی بی جے پی میں شامل

جالندھر (یو این آئی) پنجاب کانگریس کمیٹی کے سابق رکن اور بلاک آدم پور کانگریس سکریٹری سکھبیر سنگھ کوکی (منہاس) پیر کو اپنے حامیوں کے ساتھ بی جے پی میں شامل ہوگئے۔ مسٹر کوکی اور دیگر نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے جنرل سکریٹری سری نواسولو کی موجودگی میں اور جالندھر (دیہی) کے ضلع صدر رنجیت سنگھ پوار کی صدارت میں منعقدہ ایک پروگرام میں بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔ اس موقع پر بی جے پی کے ریاستی جنرل سکریٹری جیون گپتا، راجیش بگا اور سیٹھ ستپال مالا وغیرہ بھی موجود تھے۔ پارٹی میں شامل ہونے والے مسٹر کوکی اور دیگر کارکنوں کا خیرمقدم کرتے ہوئے بی جے پی لیڈروں نے کہا کہ یہ سبھی وزیراعظم نریندر مودی کی موثر قیادت اور مرکز کی مودی حکومت کی عوام دوست پالیسیوں سے متاثر ہوکر بی جے پی میں شامل ہوئے ہیں۔ ان سب کو پارٹی میں مکمل عزت دی جائے گی۔ یہ سبھی اپنے اپنے علاقوں میں پارٹی کے فروغ کے لیے لگن اور لگن سے کام کریں گے اور آنے والے انتخابات میں بی جے پی امیدوار کو کامیاب کرانے میں اپنا گراں قدر تعاون کریں گے۔

پرگتی میدان میں خالصتانی پرچم لگانے کی دھمکی ☐ امریکہ میں ہندوستانی سفارتخانہ پر احتجاج

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

خالصتان حامیوں نے دہلی کے پرگتی میدان میں ترنگا اتار کر خالصتانی پرچم لگانے کی دھمکی دی ہے۔ یہ دھمکی ایک آڈیو پیغام کے ذریعہ دی گئی ہے، جس میں خالصتان حامیوں نے کہا ہے کہ وہ پرگتی میدان پر قبضہ کرلیں گے اور ہندوستانی پرچم کو نیچے اتاریں گے۔ اس آڈیو پیغام میں وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ کے بارے میں قابل اعتراض الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے خالصتان حامی امرت پال سنگھ کا بھی ذکر کیا ہے۔ شکایت کی بنیاد پر دہلی پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ اسی دوران خالصتانیوں نے واشنگٹن ڈی سی، امریکہ میں ہندوستانی سفارت خانہ کے باہر مظاہرہ کیا۔ انہوں نے ہندوستانی سفیر ترنجیت سنگھ سندھو کو دھمکی دی اور ہندوستان کو 'ٹیرر ڈپلومیسی' (دہشت گردی کی سفارت کاری) کا چہرہ قرار دیا۔ ہفتہ کے روز واشنگٹن ڈی سی سفارت خانہ کے باہر مظاہرین نے ایک ہندوستانی نامہ نگار سے بدسلوکی کی تھی۔ پولیس نے آئی جی آئی ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن میں آئی پی سی کی دفعہ 153، 153 اے اور 505 کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔ واشنگٹن ڈی سی میں خالصتانیوں نے سفارت خانہ کے سامنے لاؤڈ اسپیکر پر کہا کہ یہ پیغام حکومت ہند اور ان کے سفیر ترنجیت سنگھ سندھو کیلئے ہے، جو آزاد دنیا میں دہشت گردی کی سفارت کاری کا چہرہ ہیں۔ ہم اسے یاد دلانا چاہتے ہیں کہ یہ قطعی طور پر ناقابل قبول ہے کہ آپ اقلیتوں کو مارتے ہیں، عیسائی خواتین کی عصمت دری کرتے ہیں اور معصوم سکھوں، مسلمانوں، ناگالینڈ کے لوگوں کو مارتے ہیں اور پھر یہاں آکر کہتے ہیں کہ آپ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہیں۔ اس منافقت کو ختم کرنے کا وقت آگیا ہے۔ ادھر واشنگٹن میں مقیم ایک ہندوستانی صحافی للت کے جھا نے ٹویٹر پر یہ اطلاع دی کہ ان پر خالصتان کے حامیوں نے حملہ کیا جب وہ ہفتہ کو ہندوستانی سفارت خانہ کے باہر خالصتان کے حامیوں کے مظاہروں کی رپورٹنگ کر رہے تھے۔

WORLD CLASS PRODUCTS FROM THE HOUSE OF
JOHNSON PAINTS CO.
JP

جب آپ کے بال کنگھے کے ساتھ گرنے لگیں تو ....
آپ مایوس نہ ہوں
ایسی حالت میں نسرینا ہیر ٹانک کا استعمال شروع کردیں
یہ بالوں کو وقت سے پہلے سفید ہونے اور گرنے سے روکتا ہے۔
سر کی خشکی دور کرتا اور گہری و پرسکون نیند لاتا ہے۔
نسرینا بالوں کو لمبا، گھنا، سیاہ اور چمکدار بناتا ہے۔
نسرینا سر درد کو آرام اور دماغی تھکاوٹ دور کرتا ہے۔
آپ کے بالوں کا محافظ
نسرینا ہیر ٹانک
NASREENA HAIR TONIC
Available at amazon
Distributor BEE ESS DISTRIBUTERS
Shop No. 6, Wakf Market, Muradpur, Patna-Ph.:09386370148
Mfd. by: NEW ROYAL PRODUCTS Mob. 7678343147